9اکتوبر2021ء

صدر پاکستان نے متحدہ عرب امارات میں روشن اپنا گھر کا افتتاح کر دیا

صدر پاکستان محترم ڈاکٹر عارف علوی نے امید ظاہر کی ہے کہ متحدہ عرب امارات میں رہنے والے غیر مقیم پاکستانی بینک دولت پاکستان کی روشن اپنا گھر اسکیم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور پاکستان میں اسے اپنی اور اپنے اہل خانہ کی ہاؤسنگ کی ضروریات کے لیے استعمال کریں گے۔ وہ متحدہ عرب امارات میں رہائش پذیر غیر مقیم پاکستانیوں کے لیے بلڈرز اور ڈویلپرز کی شراکت سے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) پیش کرنے والے پاکستانی بینکوں کے زیر اہتمام ایک پراپرٹی نمائش کا افتتاح کر رہے تھے۔ نمائش کا مقصد بینکوں کی آر ڈی اے کے تحت پیش کردہ مصنوعات دکھانا تھا۔ تجارت، ٹیکسٹائل، صنعت و پیداوار اور سرمایہ کاری سے متعلق وزیر اعظم کے مشیر جناب عبدالرزاق داؤد بھی اس موقعے پر موجود تھے۔ نمائش میں پاکستانیوں کی بڑی تعداد، متحدہ عرب امارات میں قائم کئی پاکستانی انجمنوں، اسٹیٹ بینک کی سینئر انتظامیہ، کمرشل بینکوں کے صدور، سی ای اوز، عرب امارات اور پاکستان کے پراپرٹی ڈویلپرز اور امارات میں پاکستانی سفار تخانے کے حکام نے شرکت کی۔

عرب امارات میں رہنے والے غیر مقیم پاکستانیوں کی بھرپور صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہوئے صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں نے اس کی ترقی اور معاشی نمو میں اہم کردار ادا کیا ہے اور ان میں بیشتر عرب امارات کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی کارکن بڑی تعداد میں عرب امارات کا سفر کرتے ہیں اور ترسیلات زر میں ان کا حصہ کافی زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کمرشل بینکوں کے فعال تعاون سے اسٹیٹ بینک نے غیر مقیم پاکستانیوں کو گھر خریدنے کا منفرد موقع مہیا کیا ہے جو مختلف وجوہ سے بہت مشکل عمل رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ایک اینڈ ٹو اینڈ ڈجیٹل پروسیس کے ذریعے غیر مقیم پاکستانیوں کے لیے یہ ممکن ہو گیا ہے۔ انہوں نے اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ بطور قوم پاکستانیوں میں بہت سی خوبیاں ہیں جن پر ہمیں فخر ہونا چاہیے۔

اپنے خیر مقدمی خطاب میں گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر رضا باقر نے صدر ڈاکٹر عارف علوی کا دلی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے وقت نکالا اور اس نمائش کا افتتاح کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسٹیٹ بینک نے وزیر اعظم عمران خان کے غیر مقیم پاکستانیوں کو ملک کی معیشت کے ساتھ مربوط کرنے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے آر ڈی اے اور روشن اپنا گھر متعارف کرایا ہے۔ آر ڈی اے کی زبردست کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے گورنر نے بتایا کہ آر ڈی اے بے حد کامیاب ثابت ہوا ہے اور ایک معروف نام بن چکا ہے جو پچھلے سال ستمبر میں اپنے افتتاح سے اب تک 2.5 ارب ڈالر کی رقم لانے کے علاوہ ڈھائی لاکھ سے زائد غیر مقیم پاکستانیوں کو ایک چھتری تلے باہم منسلک کر چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آر ڈی اے اور نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کی بھرپور کامیابی غیر مقیم پاکستانیوں کے دلوں میں موجودہ حکومت کی زبردست مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی تنظیمیں مشکلات کے باوجود ملک کی معاشی ترقی کی تعریف کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ معیشت صحیح سمت میں گامزن ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بے مثال اضافہ حکومت کی معاشی پالیسیوں پر سمندر پار پاکستانیوں کے اعتماد کا اظہار ہے۔

اس موقعے پر گفتگو کرتے ہوئے جناب عبدالرزاق داؤد نے حاضرین کو یقین دلایا کہ معیشت صحیح سمت میں گامزن ہے اور ایک صحت مند نمو کے راستے پر چل رہی ہے۔ انہوں نے ٹیکسٹائل اور سیمنٹ کے شعبے کا بطور خاص ذکر کیا جہاں نمو کے رجحانات شاندار ہیں جبکہ گاڑیاں، صارفی اشیا، غذا اور اس جیسے شعبے اسی طرح کے رجحان پر گامزن ہیں۔ جناب داؤد نے کہا کہ ملک کی برآمدی نمو پہلے ہی تیز ہو گئی ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ اس کی رفتار برقرار رہے گی اور اس سال مزید بڑھے گی۔ انہوں نے صنعت کو توسیع دینے اور جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کی عارضی معاشی نومالکاری سہولت (ٹی ای آر ایف) نیز عوام الناس کو سہولتیں فراہم کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک کے مختلف اقدامات کا ذکر کیا۔

روشن اپنا گھر غیر مقیم پاکستانیوں کے لیے اسٹیٹ بینک کا ایک اقدام ہے جس کے تحت وہ اپنی سرمایہ کاری یا بینک فنانسنگ کے ذریعے پاکستان میں اپنا گھر خرید سکتے ہیں، تعمیر کر سکتے ہیں یا اس کی تزئین و آرائش کر سکتے ہیں۔ اس اقدام کے بارے میں مفصل معلومات نیز اس سہولت کے حصول کے طریقہ کار سے متعلق ہدایات اس لنک پر دستیاب ہیں: https://www.sbp.org.pk/RDA/Ghar.html.

***